انبیاء ورسل علیہم الصلوۃ والسلام کے بعد فضیلت کی ترتیب

مجیب: مولانا محمد سعید عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1935

تاریخ اجراء: 10صفر المظفر1445ھ /28اگست2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

انبیاء ورسلِ بشر وملائکہ کے بعد انسانوں میں سب سے افضل کون ہے، نیز افضلیت کی ترتیب بھی بیان کر دیں؟

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

تمام صحابہ کرام اور تابعین عظام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کا اس بات پر اجماع ہے کہ انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد تمام انسانوں میں افضل حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ، پھر حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ ہیں اور یہی عقیدہ مسلکِ حق اہلسنت وجماعت کا ہے اور اس عقیدے پر بکثرت احادیث نبویہ، آثارِ صحابہ واقوال ائمہ ہیں، ان کے بعد افضلیت کی ترتیب کے بارے میں جمہور اہلسنت کا موقف یہ ہے کہ شیخین کریمین کے بعد افضل حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ ہیں اور پھر حضرت مولی علی رضی اللہ تعالی عنہ، ان کے بعد پھر بقیہ عشرہ مبشرہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اور حضرات حسنین کریمین افضل ہیں، پھر اصحاب بدر پھر اصحاب احد پھر اصحاب بیعتِ رضوان کے لیے افضلیت ہے اور یہ سب قطعی جنتی ہیں۔

انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے بعد لوگوں میں حضرت ابو بکر، پھر حضرت عمر پھر حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے افضل ہونے کے بارے میں حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں: ” قال كنا نخير بين الناس فی زمان رسول اللہ صلى اللہ تعالى عليه وسلم، فنخير ابا بكر ثم عمر بن الخطاب ثم عثمان بن عفان“ ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کہتے ہیں: ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں آپس میں فضیلت دیتے تھے، تو ہم سب سے افضل ابو بکر صدیق، پھر عمر بن خطاب، پھر عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہم کو فضیلت دیا کرتے تھے۔ (صحیح البخاری، جلد01، صفحه516، مطبوعه: کراچی)

علامہ نووی شافعی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں:"واتفق اھل السنة علی ان افضلھم ابوبکر، ثم عمر، قال جمھورھم ثم عثمان ثم علی، قال ابومنصور البغدادی: اصحابنا مجمعون علی ان افضلھم الخلفاء الاربعة علی الترتیب المذکور ثم تمام العشرة، ثم اھل بدر، ثم احد، ثم بیعة الرضوان" یعنی: اہل سنت وجماعت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ سب صحابہ کرام علیہم الرضوان سے افضل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ ہیں، پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ، اور جمہور علمائے کرام فرماتے ہیں کہ حضرت عمر کے بعد حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالی عنہ افضل ہیں، پھر حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ۔ ابو منصور بغدادی فرماتے ہیں کہ ہمارے اصحاب کا اجماع ہے کہ خلفائے اربعہ ترتیب مذکور پر تمام صحابہ سے افضل ہیں، پھر عشرہ مبشرہ، پھر اہل بدر، پھر اہل احد اور پھر بیعت رضوان میں شریک صحابہ کرام علیہم الرضوان۔ (شرح المسلم للنووی ملتقطاً، کتاب فضائل الصحابة، صفحہ 272، مطبوعہ کراچی)

اعلی حضرت عظیم البرکت، عظیم المرتبت مجدد دین وملت مولانا الشاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فرماتے ہیں:"اہل سنت وجماعت نصرہم اللہ تعالی کا اجماع ہے کہ مرسلین ملائکہ ورسل وانبیائے بشر صلوات اللہ تعالی وتسلیماتہ علیہم کے بعد حضرات خلفائے اربعہ رضوان اللہ تعالی علیہم تمام مخلوقِ الہی سے افضل ہیں، تمام امم اولین وآخرین میں کوئی شخص ان کی بزرگی وعظمت وعزت ووجاہت وقبول وکرامت وقرب وولایت کو نہیں پہنچتا۔ پھر ان میں باہم ترتیب یوں ہے کہ سب سے افضل صدیق اکبر، پھر فاروق اعظم پھر عثمان غنی، پھر مولی علی صلی اللہ تعالی علی سیدہم، ومولاہم وآلہ وعلیہم وبارک وسلم۔ اس مذہبِ مہذب پر آیاتِ قرآنِ عظیم واحادیثِ کثیرہ حضور پر نور نبی کریم علیہ وعلی آلہ وصحبہ الصلوۃ والتسلیم وارشادات جلیلہ واضحہ امیر المؤمنین مولی علی مرتضی ودیگر ائمہ اہلبیت طہارت وارتضاواجماعِ صحابہ کرام وتابعین عظام وتصریحاتِ اولیائے امت وعلمائے امت رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین سے وہ دلائل باہرہ وحجج قاہرہ ہیں جن کا استیعاب نہیں ہو سکتا۔" (فتاوی رضویة، جلد 28، صفحہ 478، رضا فاؤنڈیشن، لاهور)

بہار شریعت میں ہے:"بعد انبیاو مرسلین، تمام مخلوقاتِ الہٰی انس وجن وملک سے افضل صدیق اکبر ہیں، پھر عمر فاروقِ اعظم، پھر عثمان غنی، پھر مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم، خلفائے اربعہ راشدین کے بعد بقیہ عشرہ مبشَّرہ وحضرات حسنین واصحابِ بدر واصحابِ بیعة الرضوان کے لیے افضلیت ہے اور یہ سب قطعی جنتی ہیں۔" (بہار شریعت ملتقطاً، جلد 1، حصہ 01، صفحہ 249، 241، المدینة العلمیة، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net